www.xtrapapers.com

Cambridge Assessment International Education

# Cambridge O Level

CANDIDATE NAME

CENTRE NUMBER | CANDIDATE NUMBER

*8918019416*

## FIRST LANGUAGE URDU 3247/01

Paper 1 Reading and Writing

**May/June 2022**

**1 hour 30 minutes**

You must answer on the question paper.

No additional materials are needed.

**INSTRUCTIONS**

- Part 1: answer **all** questions in **Urdu**.
- Part 2: answer **one** question in **Urdu**.
- Use a black or dark blue pen. Do **not** use an erasable pen or correction fluid.
- Write your name, centre number and candidate number in the boxes at the top of the page.
- Write your answer to each question in the space provided.
- Do **not** write on any bar codes.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**

- The total mark for this paper is 50.
- The number of marks for each question or part question is shown in brackets [ ].

**ہدایات**

- حصہ 1: **تمام** سوالوں کے جوابات **اردو** میں لکھیے۔
- حصہ 2: کسی **ایک** سوال کا جواب **اردو** میں لکھیے۔
- کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت کریں**۔
- اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔
- ہر سوال کا جواب دی گئی جگہ پر لکھیے۔
- کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**

- اس پرچے کے لیے کل مارکس 50 ہیں۔
- اس پرچے میں دیے گئے ہر سوال یا اس کے کسی حصے کے مارکس بریکٹ میں دیئے گئے ہیں [ ]۔

This document has **12** pages. Any blank pages are indicated.

DC (LK) 309061/2
© UCLES 2022

www.xtrapapers.com



**Part 1 Reading**

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جوابات جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## موضوع: سگریٹ نوشی

ماضی میں لوگوں کو زیادہ تر جگہوں پر سگریٹ پینے کی اجازت ہوتی تھی اور سگریٹ نوشی کی روک تھام پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی تھی۔ لوگ فیشن کے طور پر سگریٹ نوشی کرتے تھے کیونکہ لوگوں کی اکثریت سگریٹ نوشی سے پہنچنے والے نقصانات سے بے خبر تھی۔

سگریٹ کی تجارت ایک منافع بخش کاروبار تھا۔ سائنسدان بھی شواہد کی کمی کے باعث لوگوں کو سگریٹ نوشی کے خطرات سے آگاہ نہ کر سکے۔ لوگوں کو سگریٹ نوشی سے روکنا ان کی شخصی آزادی میں مداخلت سمجھی جاتی تھی اور یوں ایک طویل عرصہ تک سگریٹ نوشی پر کوئی پابندی نہ تھی۔

عوام کی صحت کے پیش نظر کچھ عرصہ پہلے یورپی ممالک نے سگریٹ نوشی کو روکنے کے لیے کئی اقدامات اٹھائے۔ سب سے پہلے سرکاری عمارتوں میں سگریٹ نوشی پر پابندی لگا دی گئی۔ کچھ عرصہ بعد ہر قسم کی ٹرانسپورٹ میں سگریٹ نوشی کی ممانعت کر دی گئی۔ آخر میں ریسٹورنٹ اور ہوٹلوں میں تمباکو نوشی کرنا خلاف قانون ہو گیا۔ ان اقدامات سے سگریٹ نوشی میں خاصی کمی تو ہوئی لیکن اس کمی کی اصل وجہ عوام کا تعاون تھا۔

پاکستان میں بھی سگریٹ نوشی کو کم کرنے کے لیے کوششیں کی گئیں جیسا کہ سگریٹ کے ہر پیکٹ پر سگریٹ نوشی کے خطرات سے خبردار کرنے والا اردو نوٹس لگانا لازمی کر دیا گیا۔ ٹی وی اور ریڈیو پر سگریٹ نوشی کو فروغ دینے سے متعلق اشتہاروں پر سخت پابندی لگا دی گئی اور حکومت نے سگریٹ پر ٹیکس میں اضافہ کر دیا جس کی وجہ سے سگریٹ نوشی میں خاطر خواہ کمی ہوئی۔

© UCLES 2022 

www.xtrapapers.com



صحت پر سگریٹ نوشی کے منفی اثرات کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر افضل بیگ کا کہنا ہے کہ بہت زیادہ سگریٹ نوشی سے انسان کے چہرے پر جھریاں پڑ سکتی ہیں اور انسان وقت سے پہلے بوڑھا دکھائی دینے لگتا ہے۔ آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑ سکتے ہیں اور سگریٹ نوشی انسان کی بینائی میں کمی کا باعث بھی بن سکتی ہے۔

لاہور کے یوسف خان کی رائے میں والدین سگریٹ نوشی سے پرہیز کر کے بچوں کے لیے ایک مثال بنیں۔ بچوں کو سگریٹ پینے والے دوستوں سے دور رہنے کی ہدایت کریں کیونکہ اکثر بچے دوستوں کی نقل کرتے ہوئے سگریٹ نوشی کے عادی ہو جاتے ہیں۔ والدین اپنے بچوں کو سمجھائیں کہ سگریٹ نوشی سے ان کی زندگی پر کس طرح کے منفی اثرات ہو سکتے ہیں۔ والدین کو معلوم ہونا چاہیے کہ ضرورت سے زیادہ جیب خرچ دینے سے بچے سگریٹ نوشی کی طرف مائل ہوتے ہیں۔

سگریٹ نوشی چھوڑنے کے بارے میں ایک کاروباری شخصیت محمود خان نے اپنے ذاتی تجربے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ماہ رمضان کے دوران میں نے سحری اور افطاری کے وقت سگریٹ نوشی میں کمی کر دی جس سے سگریٹ چھوڑنا میرے لیے آسان ہو گیا۔ سگریٹ کے عادی دوستوں سے بھی ملنا جلنا کم کر دیا جو کہ میرے لیے بہت مشکل فیصلہ تھا۔ گھر والوں کی صحت کا خیال کرتے ہوئے گھر میں سگریٹ نوشی بالکل ختم کر دی اور یہ سب کچھ میرے مضبوط ارادے کی وجہ سے ہی ممکن ہو سکا۔

© UCLES 2022

www.xtrapapers.com



مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب اردو میں جہاں تک ممکن ہو سکے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں)

**Question 1**

(i) پہلے پیراگراف کے مطابق ماضی میں سگریٹ نوشی کے عام ہونے کی کیا وجوہات تھیں؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[3] ..........................................................................................................................................

(ii) ماضی میں سگریٹ نوشی کو روکنے کے لیے اقدامات کیوں نہیں کیے جا سکے؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[3] ..........................................................................................................................................

(iii) عبارت کے مطابق یورپی ممالک میں سگریٹ نوشی میں کیسے کمی لائی گئی؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4] ..........................................................................................................................................

www.xtrapapers.com



(iv) عبارت کے مطابق پاکستان میں سگریٹ نوشی کو کم کرنا کیسے ممکن ہوا؟ تین باتیں لکھیے۔

..........

..........

[3] ..........

(v) ڈاکٹر افضل بیگ کی رائے میں سگریٹ نوشی چھوڑنا ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........

..........

..........

[4] ..........

(vi) بچوں کو سگریٹ نوشی سے بچانے کے لیے والدین کا کردار کیوں اہم ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........

..........

..........

[4] ..........

(vii) سگریٹ نوشی چھوڑنے کے لیے محمود خان کے ذاتی تجربہ سے کیسے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........

..........

..........

[4] ..........

www.xtrapapers.com



## Part 2 Writing

مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 400–300 الفاظ پر مشتمل اردو میں ایک مضمون لکھیے۔

**Question 2**

**(i) دلیل**

کیا ٹیلیویژن دیکھنا وقت کا زیاں ہے؟ اپنی رائے کا اظہار دلائل سے کیجیے۔

[25]

**(ii) بحث**

موبائل فون کا زیادہ استعمال خطرناک ہو سکتا ہے۔ بحث کیجیے۔

[25]

**(iii) تفصیل**

اپنے مقامی شاپنگ سنٹر میں عید کی خریداری کا آنکھوں دیکھا حال لکھیے۔

[25]

**(iv) بیان**

ہوائی جہاز کے اڑنے کے تقریباً چار گھنٹے بعد کیپٹن عالیہ رحمان نے یہ اعلان کیا کہ مجھے افسوس ہے کہ ہمیں غیر متوقع طور پر جہاز استنبول ائیرپورٹ پر اتارنا ہوگا۔۔۔ آگے کی کہانی مکمل کریں۔

[25]

**نوٹ: حصہ دوم کے سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب پرچے کے صفحات 7, 8, 9 پر لکھیے۔**

www.xtrapapers.com



..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

..................................................................................................................................................

© UCLES 2022

www.xtrapapers.com

www.xtrapapers.com



© UCLES 2022

www.xtrapapers.com



BLANK PAGE

www.xtrapapers.com



BLANK PAGE

www.xtrapapers.com



BLANK PAGE

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of Cambridge Assessment. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is a department of the University of Cambridge.